SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
March 19, 2021

**ایس ای سی پی کا ہاوسنگ سوسائٹیوں کی جانب سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پر منافع اور انعامات کی گارنٹی کی اسکیموں بارے انتباہ**

اسلام آباد (مارچ 19) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف کی جانب سے عوام الناس کو متبنہ کیا جاتا ہے کہ کسی بھی ہاوسنگ یا دیگر اسکیموں کی جانب سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی فروخت اور سرٹیفکیٹ پر منافع یا قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات دئے جانے کی گارنٹی دینے کی اسکیمیں خلاف قانون ہیں۔ اس قسم کی اسکیمیں چلانے والی کمپنیوں کے خلاف کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 301 کے تحت کارر ائی کی جاسکتی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے عوام الناس کو مسلسل متنبہ کیا جارہا ہے کہ سرمایہ کاری اور قرعہ اندازی کے ذریعے گارنٹی سے انعامات اور منافع دینے والی جعلی اور غیر قانونی سکیموں میں اپنا قیمتی سرمایہ لگانے سے پرہیز کریں۔ ایس ای سی پی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ ایک کمپنی میسرز لا ویلا دی پیرس ہاوسنگ سکیم لمٹیڈ(La Ville De Paris Housing Scheme Limited)جو کہ میسرز ماسٹر ٹائلز اینڈ کریمک انڈسٹریز لمٹیڈ سے منسلک کمپنی ہے، کی جانب سے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر کمپنی کی ہاوسنگ سکیم 'لا پیرس' کی رجسٹریشن کے سرٹیفیکٹ خریدنے کے لیے اشتہارات دئے گئے ہیں۔ ان رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ کی خریداری پر، کمپنی کی جانب سے مستقبل میں شروع کئے جانے والی رہائشی اور کمرشل پراپرٹی کی سکیموں میں سرمایہ کاری کی مواقع دئے جائیں گے جبکہ سرٹیفیکیٹ کی خریداری پر گارنٹیڈ انعامات اور نقد انعامات کا لالچ اور وعدے کئے گئے ہیں۔

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سرمائے پر منافع کی گارنٹی یا کسی بھی قسم کی لاٹری پر انعام کی یقین دہانی ایک غیر قانونی سر گرمی ہے۔ کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 301 کے تحت ایسی سر گرمی میں ملوث کمپنی کو بند کئے جانے کی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

یاد رہے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاًیہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کر سکتی ہیں۔ عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں اور ان کمپنیوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کر رہے ہیں۔ غیر قانونی اور مشکوک کاروباری سر گرمیوں میں ملوث کچھ کمپنیوں کی فہرست ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہے؛

https://www.secp.gov.pk/document/list-of-companies-indulged-in-unauthorized-activities/?wpdmdl=41058&refresh=5ff2b4f5a82801609741557

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005